جلد نمبر 33 | شمارہ نمبر 33-32 | 6 تا 19 اگست 2021 | 1989ء سے مسلسل اشاعت

MC - 547 Price Rs. 70/-


ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی


بانی: محمد رؤف


پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ


APP

IBM
ISO 9001 : 2015 CERTIFED

QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER Sinar Tech

SINARSPECTRA COLOR CUBE

AQNA Brands

FOR BOOKING CONTACT IBM :

UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
2010

Brands of the year Award
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com



bmp

بزنس مین پینل





کراچی ولاہور میں خدمت کے 12 سال

BMG

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ

چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER

- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER

- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

GOLD · ExcelPro · PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER

- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eXp pplus · eXp srw



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER

- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS

- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS
MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS

- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

**A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products**

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ANM

# A N M TRADING CO

**Importer : Paper & Paper Board**

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

**Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)**

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM™
ISO 9001 : 2015
CERTIFED

# انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ

## اپنے اراکین وگاھگوں کے لئے
## خدمت میں ایک قدم اور آگے

## IBMکی طرف سے پیپر کی گرامیج معلوم کرنے کا آلہ





**Sponsored By IBM**

اپنے معزز کرم فرماؤں کو یقین واعتماد کے ساتھ خریداری میں مدد کے لئے۔
تاکہ وہ معیار اور مقدار کے بارے میں ازخود اطمینان حاصل کرسکیں
آئی بی ایم کے اراکین کے لئے رعایتی نرخ پردستیاب ہے۔

رابطے کے لئے **0300-2011313**

IBM™

**International Business Management**

**First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company In Pakistan**

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Near Burhani Hospital, Karachi-74000, UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com Website:www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System ISO 9001 : 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Winner of Brands of the year Award 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Winner of Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

پبلشر حرا رؤف

نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف

ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ نہیں بنیں گے، ڈی جی ایف آئی اے

کراچی (بزنس ڈیسک) ڈی جی، ایف آئی اے سندھ عامر فاروقی نے کہا ہے کہ صنعت کاروں کو کوئی مشکل ہو تو وہ ایف آئی اے سے رابطہ کریں، بھاری سرمایہ کاری اور وکلاء کو بڑی بڑی فیسیں دینے والوں پر نظر ہے، کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ نہیں بنیں گے۔ فیڈرل بی ایریا ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (فباٹی) میں صنعتکاروں سے خطاب میں ڈی جی، ایف آئی اے سندھ عامر فاروقی کا کہنا تھا کہ لوگوں کو مختلف طریقوں سے لوٹا جا رہا ہے، صنعت کاروں کو کوئی مشکل ہو، تو وہ ایف آئی اے سے رابطہ کریں۔ ڈی ایف آئی اے نے کہا کہ صنعت کارروں کے سائبر کرائم سے متعلق معاملات سے آگاہ ہوں، کہیں نہ کہیں سے آپ کا ڈیٹا بھی لیک ہو رہا ہے، کچھ بینکوں پر بھی سائبر حملے ہوئے ہیں، ایک نجی بینک کے کریڈٹ کارڈ کا ڈیٹا ہیک ہوگیا تھا، یہ سائبر کرائم بنکوں کے ڈیٹا کو محفوظ بنانے پر کام کر رہی ہے، چیزوں کو بہتر کرنے کام کر رہے ہیں، ثناء اللہ عباسی کی ایک ہی ترجیح ہے کہ بزنس کو آگے بڑھائیں۔ انہوں نے کہا کہ فیٹف کہتا ہے کہ ہنڈی اور حوالہ سے منسلک سب منی لانڈرنگ ہے، جن کو اس علم نہیں ہے وہ اب روز بہ روز چیزوں اور قوانین کو سخت کئے جانے کے بعد ان سے آگاہ ہو رہے ہیں، بعض اوقات شناختی کارڈ کا غلط استعمال ہوتا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ جہاں بھی مشکل ہو ڈیٹا ایف آئی اے کے ساتھ شیئر کریں، بے نامی اکاؤنٹ اور تھرڈ پارٹی کا سلسلہ بھی چل رہا ہے، صنعت کاروں کو پیمنٹ کرنے کے حوالے سے طریقہ پر چلنا چاہیے، انہوں نے کہا کہ عدالت سے ریلیف دلانے کے لئے بڑے بڑے وکلاء کو بڑی بڑی فیسیں کون لوگ دے رہے ہیں، عام آدمی کو بہت سے باتوں کا علم نہیں ہے، جہاں چیزیں بہتر ہیں وہاں مدد کریں گے، ہم کسی کے کاروبار میں رکاوٹ نہیں بنیں گے، اگر کسی کو امیگریشن کے حوالے سے بھی مسئلہ ہے تو ہم حل کرنے کیلئے تیار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کبھی بھی کسی کو اپنے بینک کی تفصیلات نہ دیں، کسی کو اپنا کوڈ نہ دیں، مختلف بینکوں میں لوگ نے بے نامی اکاؤنٹ لیے ہوئے ہیں، ہمارے علم میں وہ کون سے بینک ہیں، ہم نے ان بینکوں کو مطلع کر دیا ہے، ہمیں ان برانچز کا بھی علم ہے، اگر لوگ خود سے سمجھ جائیں تو آدھے سے زیادہ وہیں کرائم ختم ہو جائے گا۔ انکا کہنا تھا کہ لاہور میں نائجیرین پکڑے گئے جو اے ٹی ایم کو ہیک کرنے کی جدید مشینری بیچ رہے تھے، لوگوں کو مختلف طریقوں سے لوٹا جا رہا ہے، پاکستان کا ویزہ لینا کوئی مشکل نہیں ہے، اگر صنعتکاروں کو ویزہ آسان کرنے کی کوئی تجویز ہے تو اس پر غور کیا جا سکتا ہے، مختلف ایپ کو ڈون لوڈ کرنے کے حوالے سے آگاہی مہم چلا رہے ہیں، ہمارے پاس سائبر ہراسمنٹ کی ایک ماہ میں ایک لاکھ سے سے زائد شکایت آتی ہیں، سائبر کرائم کے حوالے سے ہمارے ریجنل آفس میں عملہ کم ہے۔ صنعت کار ادریس گیگی نے کہا کہ لوگوں کے بینک اور واٹس ایپ اکاونٹس ہیک ہو جاتے ہیں، کسی کا مالی نقصان ہو تو وہ کیا کرے، اس حوالے سے اقدامات کئے جائیں۔ صدر ایسوسی ایشن محمد علی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

## جولائی میں ریکارڈ ریونیو جمع، وزیراعظم خوش

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم عمران خان نے جولائی میں ریکارڈ ٹیکس وصولیوں پر ایف بی آر کی تعریف کرتے ہوئے کہا یہ وصولیاں مستقل معاشی احیا و افزائش کے حوالے سے حکومتی پالیسیوں کی مظہر ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم عمران خان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے بیان میں کہا کہ ایف بی آر کا جولائی میں ریکارڈ ریونیو کلیکشن قابل تعریف ہے، ایف بی آر نے رواں ماہ 410 ارب کی ریکارڈ وصولیاں کیں۔ جو تاریخی اعتبار سے ماہِ جولائی میں جمع کی جانے والی سب سے بڑی رقم اور اس مہینے کے ہدف سے تقریبا 22 فیصد زیادہ ہے، یہ وصولیاں مستقل معاشی احیا و افزائش کے حوالے سے حکومتی پالیسیوں کی مظہر ہیں۔

## امجد محمود انتقال کر گئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) اپیما کی رکن فرم میسرز امجد امپیکس کے امجد محمود 5 اگست 2021 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ دریں اثناء چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بکیا، سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس، صدر سید شاہنواز علی و دیگر عہدیداران و اراکین ایگزیکٹو کمیٹی سینٹرل و سدرن زون نے مرحوم کے انتقال کر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔



14 اپریل 2018 کو آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے دفتر میں اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز کے حوالے سے امپورٹر وانڈینٹر کے منعقدہ اجلاس میں امجد امپیکس کے امجد محمود مرحوم (دائیں سے دوسرے) بھی شریک ہیں۔

## ضروری اعلان

31 جولائی تا 8 اگست تک سندھ میں لاک ڈاؤن کی وجہ سے دیگر مارکیٹوں کی طرح پیپر مارکیٹ کی کاروباری سرگرمیاں بھی معطل رہیں جس کی وجہ سے گزشتہ شمارہ اور موجودہ شمارہ ایک ساتھ شائع کیا جا رہا ہے۔ (ادارہ)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ملتان چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹری کا لائسنس جاری

## لائسنس ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن حکومت پاکستان نے جاری کیا، چھوٹے تاجر اور صنعتکار ممبر شپ کے حصول کیلئے رابطہ کریں۔ شیخ فیصل سعید

ملتان (پیپر بزنس نیوز) ملتان چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹری چیمبر آف کامرس کی طرز پر چھوٹے تاجروں اور صنعتکاروں کو سروسز مہیا کرے گا۔ ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن حکومت پاکستان نے ملتان چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹری کا لائسنس جاری کر دیا ہے۔ چھوٹے تاجر اور صنعتکار ممبر شپ کے حصول کے لیے رابطہ کریں۔ ان خیالات کا اظہار ملتان چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹری کے پہلے صدر شیخ فیصل سعید نے ایگزیکٹو باڈی میٹنگ میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ میٹنگ میں سینئر نائب صدر سمیع اللہ بٹ، ممبران ایگزیکٹو کمیٹی ظفر اقبال صدیقی، شیخ عبدالرشید، مرزا اعجاز علی، احتشام الحق، خواجہ یاسر اشفاق، شیخ محمد علی اور سیکرٹری جنرل رانا محمد حماد نے شرکت کی۔ میٹنگ میں چیمبر کے انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا اور ممبر شپ داخلہ فیس 500 روپے اور سالانہ سبسکرپشن فیس 1500 روپے طے کی گئی۔ شیخ فیصل سعید نے میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ این ٹی این ہولڈر چھوٹے تاجر اور چھوٹے صنعتکار ممبر بن سکتے ہیں۔



## 25 ہزار سے زائد بجلی کے نان ٹیکس فائلر کے بلوں پر ودہولڈنگ ٹیکس عائد

کراچی (بزنس ڈیسک) بجلی کے نان ٹیکس فائلر صارفین کے بلوں پر ودہولڈنگ ٹیکس کا نفاذ ہوگیا، کے الیکٹرک کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق وفاقی بجٹ برائے مال سال 22-2021 میں وفاقی حکومت کی جانب سے کئے گئے اعلان کے مطابق ایسے نان ٹیکس فائلر رہائشی صارفین جن کا بجلی کا بل 25,000 روپے سے زیادہ ہے، ان پر 7.5 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس نافذ کیا جائے گا اور اس ٹیکس کا اطلاق یکم جولائی 2021 سے پاکستان بھر میں ہوگا، بشمول اس علاقے کے جہاں کے الیکٹرک سروس فراہم کرتا ہے، یہ ٹیکس صرف ان صارفین پر نافذ ہوگا جن کا نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے جاری کی گئی ٹیکس جمع کروانے والوں کی فہرست میں نہیں ہوگا، رہائشی صارفین پر اس صورت میں یہ 7.5 فیصد ٹیکس نافذ ہوگا اگر مالی سال کے دوران ان کا بل کسی بھی مہینے میں 25,000 روپے یا اس سے زائد ہوگا۔

## تمام ٹیکسوں کی ادائیگی کے لئے واحد شناختی نمبر کا اجرا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کو یکجا کر کے واحد شناختی نمبر جاری کیا ہے۔ اگر ٹیکس دہند کی نوعیت انفرادی ہے تو اس کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔ شراکت داری فرموں اور کمپنیوں کے لئے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) کارآمد ہوگا۔ یہ پاکستان میں کاروبار کرنے کی جنب اہم قدم ہے اور اس سے ملک کی درجہ بندی بہتر ہوگی۔ ایف بی آر نے ایک اور سہولت متعارف کرائی ہے جس کے تحت ٹیکس دہند بینک گئے بغیر ادائیگیاں کر سکے گا۔

## توجہ فرمائیے

محرم الحرام کی تعطیلات کے باعث پیپر بزنس کا آئندہ شمارہ نمبر (35-34) 27 اگست کو شائع ہوگا۔ قارئین اور مشتہرین نوٹ فرمالیں۔

## حشمت حسین انتقال کر گئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) اپیما کی رکن فرم میسرز دولت سنز کے شفقت حسین، فراست حسین اور محمود حسین کے چچا حشمت حسین 7 اگست 2021 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے، دریں اثناء چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس، صدر سید شاہنواز علی و دیگر عہدیداران و اراکین ایگزیکٹو کمیٹی سینٹرل و سدرن زون نے مرحوم کے انتقال کر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## کراچی لاک ڈاؤن میں نرمی: بازار رات 8 بجے تک کھولنے کی اجازت

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ حکومت نے کراچی میں کاروبار کے اوقات رات 8 بجے تک بڑھانے کی اجازت دے دی۔ کراچی سمیت سندھ بھر میں لاک ڈاؤن پابندیوں میں نرمی کے حوالے سے صوبائی کورونا ٹاسک فورس کا اجلاس ہوا، جس میں اہم اور حتمی فیصلے کئے گئے، اور کراچی میں لاک ڈاؤن پابندیوں میں نرمی کا اعلان کیا گیا ہے، اس حوالے سے محکمہ داخلہ سندھ نے 31 اگست تک کے لیے نیا حکم نامہ جاری کر دیا ہے۔ نوٹی فکیشن کے مطابق کراچی میں کاروبار کے اوقات رات 8 بجے تک بڑھانے کی اجازت دے دی گئی ہے، اور جمعہ اور اتوار سیف ڈے کے طور پر منایا جائے گا، تاہم ان ڈور ڈائننگ پر پابندی ہوگی، اور آؤٹ ڈور ڈائننگ کی رات 10 بجے تک اجازت ہوگی۔ محکمہ داخلہ کے مطابق کھلے مقام پر شادی کی تقریب کی رات 10 بجے تک اجازت ہوگی، جب کہ محکمہ داخلہ نے پبلک ٹرانسپورٹ پر سے بھی عائد پابندی اٹھالی ہے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

APP

USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.

With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS

80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

**International Business Management**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk I website : www.ibmpakistan.com

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
Brands

## Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

## SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**HEAD OFFICE:** First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010-11
Brands™ of the year Award© IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010
Brands™ of the year Award© IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ماہی گیروں کا احتجاج: کراچی پورٹ پر بحری جہازوں کا چینل کئی گھنٹے بند

## مچھیروں نے لانچیں کھڑی کر کے کراچی پورٹ آنے والے بحری جہازوں کا چینل بند کر دیا تھا، کاغذات اور ڈیزل کی مقدار کی چیکنگ پر احتجاج کیا گیا تھا

کراچی (نیوز ڈیسک) ماہی گیروں نے سمندر میں مچھلی کے شکار پر جانے والی لانچوں کے عملے سے ناروا سلوک کے خلاف احتجاج شروع کر دیا، مچھیروں نے کراچی بندرگاہ آنے والے بحری جہازوں کا چینل کئی گھنٹے بند رکھا، انتظامیہ سے کامیاب مذاکرات کے بعد احتجاج ختم کر دیا گیا، جمعہ اور ہفتہ (6 اور 7 اگست 2021) کی درمیانی شب ماہی گیروں نے سمندر میں چیکنگ پر مامور اداروں کے خلاف احتجاج کا سلسلہ شروع کیا جس میں درجنوں لانچیں شریک تھیں، مچھلی کے شکار کے لیے استعمال ہونے والے جالوں کی جانچ پڑتال، اسے تحویل میں لینے جبکہ ڈیزل اور کاغذات کے بارے میں پوچھ گچھ سمیت متفرق وجوہات کی بنا پر احتجاج 10 گھنٹے سے زائد جاری رہا، ہفتے کی صبح شروع ہونے والے احتجاج کے دوران ماہی گیروں کے اہل خانہ بھی احتجاج میں شامل ہو گئے اس دوران مچھیروں نے چینل کے اردگرد درجنوں لانچیں لنگر انداز کر کے رکاوٹ کھڑی کر دی اور کراچی پورٹ آنے والے بحری جہازوں کا چینل بند کر دیا، بعدازاں ماہی گیروں کے حکومتی نمائندوں اور میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی کے ساتھ مذاکرات ہوئے جس کے بعد احتجاج ختم کر دیا گیا، پاکستان فشر مین یونین کے صدر ڈاکٹر محمد یوسف کے مطابق ماہی گیروں کے مطالبات تسلیم کر لیے گئے ہیں اور انھیں یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ لانچوں میں لدے ہوئے جال چیک نہیں کیے جائیں گے، ماہی گیر لانچوں کے کاغذات اپنی تحویل میں اب نہیں رکھے جائیں گے بلکہ ضروری جانچ پڑتال کے بعد انھیں واپس لوٹا دیے جائیں گے، لانچ کے ٹینکوں میں موجود ڈیزل کے حوالے سے بے جا پوچھ گچھ بھی نہیں کی جائے گی، 2012 کے سندھ حکومت اور فشریز کے حکم نامے کے مطابق ماہی گیروں کو سمندر میں شکار کی اجازت ہوگی۔

# پاک افغان تجارت کا طریقہ، ڈالر کی قیمت میں اضافہ کا سبب، کرنسی ڈیلرز

لاہور (نیوز ڈیسک) کرنسی ڈیلرز کے مطابق افغانستان کو مصنوعات برآمد کرنے والے تاجر اور بروکرز پشاور اور کوئٹہ کی مقامی کرنسی مارکیٹ سے ڈالر خرید کر بینک کیش کاؤنٹرز پر جمع کرا رہے ہیں جس کے نتیجے میں ڈالر کی طلب بڑھ گئی ہے اور یہی ڈالر کا قیمت اوپر جانے کی ایک اہم وجہ ہے۔ پاک افغان تجارت سے وابستہ تاجروں کا کہنا ہے کہ پاک افغان تجارت کرنے والے تاجر اور بروکرز پہلی مرتبہ مقامی مارکیٹ سے ڈالر کی خریداری نہیں کر رہے بلکہ طویل عرصے سے یہ سلسلہ جاری ہے لیکن گزشتہ ایک ہفتے سے اس مقصد کے لیے ڈالر کی خریداری بڑھ گئی ہے۔ پاک افغان تجارت ایک مخصوص طریقہ کار ہے جس کے تحت دیگر ممالک کے برعکس افغانستان تجارتی مصنوعات بھیجنے کے لیے ایڈوانس میں ہی برآمدی مصنوعات کی مالیت ڈالر کی شکل میں بینک میں جمع کرانی ضروری ہوتی ہے لیکن یہ ڈالر افغانستان سے آنے کے بجائے تاجر مقامی مارکیٹ سے ہی ڈالر خرید کر جمع کرا دیتے ہیں بعد میں مال کی ڈیلوری کے بعد افغانستان سے اتنی ہی مالیت کے ڈالر لائے جاتے ہیں۔ پاک افغان کے مابین اس مخصوص طریقہ تجارت پر عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے تحفظات کا اظہار کیا جارہا ہے اور شبہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ اس تجارت کا غلط استعمال خاص طور پر اس کے ذریعے منی لانڈرنگ اور ٹیرر فنانسنگ ہوسکتی ہے اس کے علاوہ ٹیکس چوری اور مس ڈیکلریشن کے حوالے سے بھی رپورٹس سامنے آتی رہی ہیں۔

# شپنگ کمپنیوں کی ناجائز چارجز وصولی، درآمد کنندگان کو مشکلات کا سامنا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شپنگ کمپنیوں کی جانب سے ناجائز چارجز کی وصولی اور درآمد کنندگان کی جانب سے جمع کئے جانے والی سیکورٹی کی رقم واپس کرنے میں تاخیر سے درآمد کنندگان کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق شپنگ کمپنیاں سیکورٹی کی مد میں 40 ہزار سے 3 لاکھ روپے تک وصول کرتی ہیں اور کنٹینر واپس کرنے کے بعد درآمد کنندگان کی جانب سے سیکورٹی کی مد میں جمع کی جانے والی رقم کی واپسی میں 2 تا 3 ماہ لگا دیتی ہے۔ جس کے باعث درآمد کنندگان کی کروڑوں کی رقم شپنگ کمپنیوں کے بینکوں میں جمع رہتی ہے، جس سے شپنگ کمپنیاں خاصا منافع کما رہی ہیں۔ شپنگ کمپنیوں کے پاس درآمد کنندگان کے کروڑوں کی رقم پھنسنے کے باعث تاجروں کو کاروباری سرگرمیوں کے فروغ میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ذرائع کے مطابق شپنگ کمپنیاں کنٹینرز ڈیج چارجز کی مد میں درآمد کنندگان سے کروڑوں روپے وصول کرتی ہیں حالانکہ کنٹینر انشورڈ ہوتا ہے۔ متاثرہ درآمد کنندہ کا کہنا ہے کہ الائیڈ کنٹینر لائنز، کوسکو شپنگ لائنز پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ، ہیپگ لوویڈ پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ، ان شپنگ پرائیویٹ لمیٹڈ، مارسک پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ، ایس کے شپنگ لائنز سمیت متعدد شپنگ کمپنیوں پر 60 لاکھ روپے واجب الادا ہیں جس کی وجہ سے متاثرہ درآمد کنندگان کو کاروباری سرگرمیاں کرنے میں شدید مشکلات کا شکار ہیں۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## ایئرپورٹ سیکورٹی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:01/2021/Admin

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:24 اگست 2021ء

برائے رابطہ: ایڈمن آفس،

علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ، لاہور۔

فون:042-99240451

## براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

آفسیٹ پیپر A4 اور لیگل سائز، دیگر اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:24 اگست 2021ء

برائے رابطہ: کنٹرولر (ایڈمن)، ہیڈکوارٹرز،

شاہراہ دستور، سیکٹر-G-5، اسلام آباد۔

فون:051-9208425

## فاطمہ جناح یونیورسٹی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:23 اگست 2021ء

برائے رابطہ: پرچیز کمیٹی، دی مال، راولپنڈی۔

فون: 051-9292896-9292900 EXT:1166

## ایگزامینیشن کمیشن کو پرنٹنگ خدمات درکار

سوالنامہ، فارمز، مینوول اور رپورٹ وغیرہ کی پرنٹنگ،

پیکجنگ اور سپلائی

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:24 اگست 2021ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر (ایڈمنسٹریشن اینڈ فنانس)،

وحدت کالونی، لاہور۔

فون:042-99260156

## لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کا پیپر کا ٹینڈر

پیپر لیگل، F4 سائز، 80 گرام، تعداد:100,000 ریم

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد:1000 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:25 اگست 2021ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (پروکیورمنٹ)، 2-KM، ٹھوکر نیاز بیگ بائی پاس، اپوزٹ DHA-EME سیکٹر،

مین ملتان روڈ، لاہور۔

فون:042-99330125-26

## ورچوئل یونیورسٹی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:VU/21-22/-07/502

ڈگری فولڈرز، تعداد:1000

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:23 اگست 2021ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، ڈائریکٹوریٹ فنانس، ایم اے جناح کیمپس، ڈیفنس روڈ آف رائیونڈ، لاہور۔

فون: 042-111-880-880 EXT:333/436

## سندھ ٹیکسٹ بک کو پرنٹنگ خدمات درکار

نصابی کتابوں کی پرنٹنگ، بائنڈنگ اور فراہمی

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 ستمبر 2021ء

برائے رابطہ: سیکریٹری فیلڈ آفس،

بالمقابل ڈی جے سائنس کالج، کراچی۔

فون:021-32623545

## ہیلتھ کیئر کمیشن کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:5/2021/MSD-RM-RDCS

ریفرنس مینوول کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:24 اگست 2021ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ سیل، 185۔ احمد بلاک،

نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔

فون:8-042-99333161

## حکومتی ادارے کا پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:24 اگست 2021ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ اسپیشلسٹ، ملٹی سیکول نیوٹریشن سینٹر، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، H-57، گلبرگ۔3، لاہور۔

فون:2-042-99333261

# درآمدی و برآمدی کارگو کلیئرنس کی رفتار بڑھانے کیلئے مصنوعی ذہانت آلات متعارف

پاکستان کسٹمز نے عالمی ادارہ کسٹمز کی مدد سے بین الاقوامی پریکٹس کے مطابق ویب بیسڈ وَن کسٹمز (وی بوک) رِسک منیجمنٹ سسٹم (آر ایم ایس) میں مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ ٹولز متعارف کرادیے۔ رپورٹ کے مطابق سرکاری سطح پر اعلان میں کہا گیا کہ جولائی 2021 کے اعداد وشمار میں یہ بات سامنے آئی کہ نصف سے زائد درآمدی اشیا کی کھیپ اور برآمدی سامان کی کھیپ کسٹم حکام پوسٹ کلیئرنس تصدیق کے فوری بعد کلیئر کر دیتے ہیں۔ برآمدی سامان کی جلد کلیئرس کے علاوہ وی بوک رسک منیجمنٹ سسٹم کو ڈیوٹی ڈرابیک عمل تک بڑھایا گیا ہے، نئے طریقہ کار کے تحت مینوئل پراسیسنگ اور چیک کے روایتی نظام کو ختم کرکے برآمد کنندگان کے اکاؤنٹس میں براہ راست ڈیوٹی ڈرابیک کی آن لائن ادائیگی کی جاتی ہے۔ یہ رسک منجمنٹ نظام میں ای ریبیٹ موڈیول کے رسک پیرامیٹرز کے ذریعے ڈیوٹی ڈرابیک دعوؤں کی جانچ پڑتال متعارف کرائے جانے کے بعد ممکن ہوا ہے، اب تک ای ریبیٹ سسٹم کے ذریعے 16 ارب روپے کی ادائیگی کی جاچکی ہے اور یہ نظام عالمی وبا کی صورتحال میں موجودہ حکومتی پالیسی کے مطابق مالی اعانت فراہم کررہا ہے۔ آر ایم ایس کے منظم استعمال کے تحت بندرگاہوں پر قبل از آمد کلیئرنس، ایئرپورٹس پر سامان کی فضا میں موجودگی کے دوران ہی کلیئرنس اور بلیو چینل کے تحت اسکیننگ کے لیے رسک کی بنیاد پر کارگو کے انتظام پر بھی عملدرآمد کیا گیا ہے، جس نے ملک میں کسٹمز کلیئرنس کے عمل کو جدید بنایا ہے۔ پاکستان کسٹمز، پاکستان سنگل ونڈو پروگرام کے تحت انٹیگریٹڈ رسک منیجمنٹ سسٹم (آئی آر ایم ایس) بنانے پر بھی کام کررہا ہے، اس پروگرام کے تحت تجارتی ریگولیٹری ادارے ایک پلیٹ فارم کے ذریعے تمام سرٹیفکیٹس جاری کریں گے۔ اس سے سرحد پار تجارت کے حوالے سے بڑی تبدیلی آئے گی اور پاکستان کی اقتصادی نمو اور قومی ترقی کو بہت تعاون ملے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان کسٹمز نے، جامع کسٹمز ریفارمز پروگرام کے تحت تجارتی سہولت کے متعدد اقدامات نافذ کیے ہیں جن سے سرحد پار تجارت میں آسانی پیدا ہوئی اور ملک میں کاروباری لاگت اور وقت کی بچت میں بہت مدد ملی۔

# چین کی کاغذ سازی کی صنعت کی آمدنی اور منافع میں بڑا اضافہ

بیجنگ (انٹرنیشنل ڈیسک) چین کی کاغذ سازی کی صنعت کے رواں سال کی پہلی ششماہی میں آمدنی اور منافع میں اضافہ ہوا ہے۔ وزارت صنعت وانفارمیشن ٹیکنالوجی کے مطابق، جنوری سے جون 2021 تک کاغذ سازی صنعت کی مجموعی آمدنی 714 ارب 20 کروڑ یوآن (تقریبا 110 ارب 60 کروڑ امریکی ڈالر) رہی جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 24.7 فیصد زیادہ ہے۔ اس عرصے کے دوران، کاغذ سازی کی صنعت کا منافع ایک سال پہلے کے مقابلے میں 77.2 فیصد اضافے کے ساتھ 48 ارب 43 کروڑ یوآن تک پہنچ گیا۔ وزارت کے اعداد وشمار سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ کاغذ کی پیداوار گزشتہ سال سے 16 فیصد اضافے کے ساتھ پہلے چھ ماہ میں 6 کروڑ 74 لاکھ 20 ہزار ٹن رہی۔ صرف جون میں کاغذ کی پیداوار گزشتہ سال کے مقابلے میں 8.5 فیصد اضافے کے ساتھ 1 کروڑ 19 لاکھ ٹن رہی۔



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

# مقامی بورڈ و درآمدی آفسیٹ پیپر، اسٹیکر، بریف کارڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں تیزی کا رجحان دیکھا گیا اور 11 اگست کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں بریف کارڈ انڈونیشیا، اسٹیکر پیپر، فوٹو کاپی پیپر، مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار ، ڈبل اے ، سپریم مل ،کراؤن، چناب اور آفسیٹ پیپر آئی کے کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام ، 220 روپے سے بڑھ کر 225 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ امپورٹڈ آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام ، 214 روپے سے بڑھ کر 220 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 96 روپے سے بڑھ کر 102 روپے، تمام سائز 60 گرام ، 106 روپے سے بڑھ کر 107 روپے ، تمام سائز 63 گرام، 114 روپے سے بڑھ کر 116 روپے، تمام سائز 68 گرام ، 106 روپے سے بڑھ کر 107 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 گرام، 130 روپے سے بڑھ کر 136 روپے ، تمام سائز 68 گرام، 130 روپے سے بڑھ کر 136 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن پیپر تمام سائز 63 گرام ، 129 روپے سے بڑھ کر ، تمام سائز 68 گرام ، 128 روپے سے بڑھ کر اور تمام سائز 75 گرام ، 135 روپے سے بڑھ کر 136 روپے فی کلو ہوگئے ہیں۔ مقامی آفسیٹ پیپر چناب تمام سائز 53 گرام ، 99 روپے سے بڑھ کر 104 روپے ، تمام سائز 63 گرام، 102 روپے سے بڑھ کر 108 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر سپریم مل تمام سائز 52 گرام ، 96 روپے سے بڑھ کر 102 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام ، 520 روپے سے بڑھ کر 525 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام ، 600 روپے سے بڑھ کر 610 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی F4B سائز 70 گرام ، 615 روپے سے بڑھ کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی گرے 70 گرام ، 460 روپے سے بڑھ کر 470 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 520 روپے سے بڑھ کر 530 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 630 روپے سے بڑھ کر 640 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو۔ 70 گرام ، 520 روپے سے بڑھ کر 535 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو ۔80 گرام، 640 روپے سے کم ہو کر 630 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 13 F4-B ۔ 70 گرام ، 610 روپے سے بڑھ کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4-A 13.5 ۔70 گرام ، 630 روپے سے بڑھ کر 640 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ سگنیچر 80 گرام ، 660 روپے سے کم ہو کر 650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر لائن 70 گرام ، 520 روپے سے کم ہو کر 500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر لائن گولڈن 80 گرام ، 630 روپے سے بڑھ کر 640 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ZAP، 70 گرام ، 525 روپے سے بڑھ کر 530 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ 70 ،13 F4 ZAP گرام ، 595 روپے سے بڑھ کر 600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پیپر رائٹ 70 گرام، 480 روپے سے بڑھ کر 490 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے 80 گرام، 710 روپے سے بڑھ کر 720 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئ 70 گرام ، 490 روپے سے بڑھ کر 500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئ 70 گرام ، 510 روپے سے بڑھ کر 520 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لنٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز ،4300 روپے سے بڑھ کر 4350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز ،2200 روپے سے بڑھ کر 2250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 2200 روپے سے بڑھ کر 2250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2200 روپے سے بڑھ کر 2250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# انٹربینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر بڑھ گئی

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک میں منگل 10 اگست کو روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر بڑھ گئی تاہم مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں پاکستانی روپیہ ڈالر کے سامنے ڈٹا رہا ۔فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق منگل 10 اگست کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں 10 پیسے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے ڈالر کی قیمت خرید 163.70 روپے سے بڑھ کر 163.80 روپے اور قیمت فروخت 163.80 روپے سے بڑھ کر 163.90 روپے پر جا پہنچی تاہم مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید 163.60 روپے اور قیمت فروخت 164 روپے پر بدستور برقرار رہی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قیمت خرید 191.50 روپے اور قیمت فروخت 193 روپے پر جبکہ برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 225.50 روپے اور قیمت فروخت 227 روپے پر مستحکم رہی۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229



**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

**Serving Since 1975**

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bullehshah (Packages) | Bleached Board |
| Crown (Fazal Paper) | Duplex Board |

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پاکستان میں بھی کنسائنمنٹس کی کلیئرنس آن لائن کی جائے، محمد ارشد جمال

کراچی (بزنس ڈیسک) بین الاقوامی سطح پر تمام کارگو آپریشن 24 گھنٹے کی بنیاد پر چلتے ہیں اور کنسائنمنٹ کی کلیئرنس اور ڈیوٹی وٹیکسز کی ادائیگیاں آن لائن کے ذریعے کی جاتی ہیں لیکن پاکستان میں کنسائنمنٹس کی کلیئرنس آن لائن نہیں کی جارہی جس سے کنسائنمنٹس کی کلیئرنس تاخیر کا شکار ہورہی ہے جبکہ بین الاقوامی طور پر کنسائنمنٹس کی کلیئرنس 48 گھنٹے میں ہونی چاہئے۔ان خیالات کا اظہار آل پاکستان کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے رہنما محمد ارشد جمال نے ایم سی سی پریونیٹو ایئرفریٹ یونٹ کراچی کے تاجروں کے ساتھ مشترکہ میٹنگ میں کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ایک طرف حکومت سنگل ونڈو آپریشن کے تصور کی وکالت کررہی ہے اور کلیئرنس اِن دی اسکائی نے نام سے کلیئرنس سسٹم بھی متعارف کروارہی ہے جبکہ دوسری جانب تاجروں کو اپنے قیمتی سامان کی کلیئرنس کے لیے بھاری ٹیکس کی ادائیگیاں بھی کرنی پڑرہی ہیں جس سے کاروباری لاگت میں بے پناہ اضافہ ہورہا ہے اور سروس سیکٹر ایک دوسرے پر الزامات عائد کررہے ہیں لیکن حکومتی حکام خاموش ہیں اور تجارتی سہولت میں بے حسی کا مظاہرہ ہورہا ہے۔محمد ارشد جمال نے کہا کہ کچھ اہم مسائل کو اجاگر کیا جنہیں فوری بنیادوں پر حل کرنے کی ضرورت ہے اور متعلقہ حکام کو ہدایات کی ضرورت ہے جو ایئرفریٹ یونٹ کراچی میں کلیئرنس کا وقت کم ازکم 3 دن ہے لیکن ایک طویل عرصہ سے اسٹاف کی کمی کے باعث کنسائنمنٹ کی اگیزامینیشن تاخیر کا شکار ہورہی ہے جس کی وجہ سے ایئرفریٹ یونٹ پر سہولیات کا فقدان ہے۔انہوں نے کہا کہ کنسائنمنٹ کی ڈیلیوری رات 10 بجے تک ممکن بنائی جائے اور کم سے کم وقت میں کنسائنمنٹ کی کلیئرنس کی جائے تاکہ کاروباری لاگت میں کمی لائی جاسکے اس کے علاوہ جیری ڈناتا میں چار اگیزامن افسران کو تعینات کیا جائے تاکہ کنسائنمنٹ کی جانچ پڑتال کا سلسلہ تیزی سے ہوسکے۔اس موقع پر آل پاکستان کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے وائس چیئرمین قمرالاسلام نے ٹرمینلز چارجز کی ادائیگی میں تاخیر سے متعلق مسائل پر روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ دستاویزات جمع کرنے اور ادائیگی کے واچر جاری کرنے کے لیے ٹرمینل پر ان کا صرف ایک کانٹر ہے جبکہ کم ازکم 4 کانٹرز درکار ہونے چاہئے تاکہ تاجروں کا وقت ضائع نہ ہو۔اس موقع پر ایڈیشنل کلکٹر ایئرفریٹ یونٹ ڈاکٹر عامر نواز نے ایسوسی ایشن کے نقطہ نظر کو سنا اور کہا کہ آپ کے مشاہدات بہت درست ہیں اور کسٹمز بھی محفوظ کاروباری ماحول میں تجارتی سہولیات کا جائزہ لے رہا ہے انہوں نے کہا کہ کلیئرنس ان دی اسکائی سسٹم اور پی ایس ڈبلیو بڑے منصوبے ہیں جس سے ٹریڈ کو سہولیات اور کنسائنمنٹ کی کلیئرنس کا عمل ہوگا۔تفصیلی گفتگو میں انہوں نے ٹرمینل آپریٹرز کو ہدایت جاری کی کہ وہ ٹریڈرز کو دی جانے والی خدمات کا معیار بڑھائیں اور کنسائنمنٹ کی ڈیلیوری کے وقت کو رات 10 بجے تک بڑھائیں اور ساتھ ہی انہوں نے ہدایت کی کہ اگر ٹرمینل کی، کی جانے والی ادائیگیاں شام 5 بجے تک جمع کی جائے اور اسی دن کنسائنمنٹ کی ڈیلیوری کو یقینی بنائیں۔انہوں نے کہا کہ کسٹمز کا عملہ آپ کو آخری پارسل کی فراہمی تک دستیاب رہے گا اور اس بات کی یقین دہانی کروائی کہ ہم یہاں آپ کی سہولت کے لیے ہی موجود ہیں اور آپ کسی بھی وقت کسی بھی مسئلے کے لیے ہمارے پاس تشریف لاسکتے ہیں۔شہزاد علی نے کہا کہ ہم کسٹم حکام کی ہدایت پر کام کررہے ہیں تجارتی سہولت ہماری ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ ہم 24 گھنٹے کام کرنے کے لیے تیار ہیں اگر کسٹم اسٹاف موقع پر موجود ہو اور ہمیں اجازت دے اور وہ یقین دلائیں کہ وہ کانٹرز کو بڑھارہے ہیں اور مستقبل میں وہ آن لائن ادائیگی واچرز کے نظام کو متعارف کروارہے ہیں۔میٹنگ کے اختتام پر اپیکا کے سینئر وائس چیئرمین محمد ارشد جمال نے ایڈیشنل کلکٹر ڈاکٹر عامر نواز کا اظہار تشکر کیا۔

# آن منی کی حوصلہ شکنی، حکومت کا کار مینوفیکچررز پر جرمانے پر غور

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) آن منی کی حوصلہ شکنی کے لیے حکومت کار مینوفیکچررز پر جرمانہ عائد کرنے پر سوچ بچار کررہی ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ کاروں کی دیر سے فراہمی پر 10 سے 12 فیصد مارک اپ عائد کیے جانے پر غور کیا جارہا ہے۔تفصیلات کے مطابق، حکومت کار بنانے والی کمپنیوں پر جرمانہ عائد کرنے سے متعلق سوچ بچار کررہی ہے تاکہ صارفین سے آن منی کٹوتی کی حوصلہ شکنی ہوسکے۔اعلیٰ حکام نے دی نیوز کو تصدیق کی ہے کہ اگر گاڑی 60 روز کے اندر صارفین کو نہیں دی جاتی تو ان پر کیبور پلس 3 فیصد سود کی لازمی ادائیگی عائد کی جائے گی۔حکومت اس برائی سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنا چاہتی ہے۔اس لیے 10 سے 12 فیصد مارک اپ (کیبور پلس 3 فیصد سود کی ادائیگی) پر مستعدی سے سوچ بچار کررہی ہے۔آٹو شعبے کا مجموعی حجم 940 ارب روپے ہے، جب کہ موجودہ مارکیٹ قیمت میں مقامی قیمت کا اضافہ تقریباً 300 ارب روپے ہے۔انجینیئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ (ای ڈی بی) کے جائزے کے مطابق آٹو شعبے کی پاکستان میں کارز، ایس یو ویز، موٹر سائیکلز، آٹو رکشہ، ٹرک اور بسز بنانے کی مجموعی صلاحیت 40 لاکھ 88 ہے لیکن پاکستان میں مجموعی پیداوار 31 لاکھ 41 ہزار ہے۔ایک بڑی کمپنی 71 ہزار کاریں بنانے کی صلاحیت رکھتی ہے لیکن اس کی مجموعی پیداوار 56684 ہے، جب کہ اس کی حالیہ پیداوار صرف 49664 رہی ہے۔ایک اور کمپنی کی مجموعی صلاحیت ڈیڑھ لاکھ کاریں بنانے کی ہے مگر اس کی مجموعی پیداوار 123846 ہے اور اس کی حالیہ پیداوار صرف 61334 رہی ہے۔اسی طرح ایک کمپنی کی مجموعی صلاحیت 55 ہزار گاڑیاں بنانے کی ہے اور اس کی مجموعی پیداوار 42710 ہے۔تاہم، اس کی حالیہ پیداوار سرف 26430 رہی ہے۔اسی طرح ایک کمپنی کی مجموعی صلاحیت 25 ہزار گاڑیاں بنانے کی ہے لیکن اس کی مجموعی پیداوار 12 ہزار اور اتنی ہی تعداد میں اس نے حالیہ دور میں گاڑیاں بنائی ہیں۔ایک اور برانڈ کے پاس 15 ہزار گاڑیاں بنانے کی ہے، جب کہ اس کی مجموعی پیداوار سرف 500 گاڑیاں بنانے کی ہے اور وہ اتنی ہی گاڑیاں بنارہی ہے۔


AAS A A SERVICES

Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915

Color Copy Paper A4 & Legal Size
Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets

Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ٹیکس ایمنسٹی اسکیم کیس میں ریٹرن جمع کرانے کی سہولت کے خلاف وفاقی محتسب کے فیصلے پر ایف بی آر کی اپیل خارج

